



# اردو ناول لکھنے کا طریقہ



# فہرست

## ناول کیوں لکھنا چاہیے


steps 2

1 ۔خیالی دنیا آباد کریں 2۔ناول کی اقسام

3۔کہانی کی سیٹنگ کریں یعنی کہانی کو ترتیب دیں

کردار کے ناول کس طرح بنائے جاتے ہیں 3

ناول کا پلاٹ 4

منظر نگاری کیا ہے ؟ 5

مکالمہ لکھنے کا طریقہ 6

www.iqbalkalmati.blogspot.com

# ناول کیوں لکھنا چاہیے ؟

کہتے ہیں الفاظ زندہ رہتے ہیں ، اور بہت قیمتی ہوتے ہیں پر اگر اپنے لفظوں کو کتاب میں لکھ دیا جائے تو وہ کتاب بھی قیمتی بن جاتی ہے۔ اور جو کسی خاص انسان کو دینے کے لیے اک خاص تحفہ بھی ہے۔ کیوں کہ آپ کی کتاب سے آپ کے الفاظ جڑے ہوتے ہیں۔ اور اگر یہ الفاظ آپ کی اپنی زندگی کے بارے میں ہوں تو یہ پھر اور بھی اہم کتاب بن جاتی ہے۔ بہت سے لوگوں کو لکھنے کا شوق ہوتا ہے ، پر رہنمائی نہ ہونے کی بناء پر وہ اک اچھی کتاب نہیں لکھ پاتے ۔لہذا اک اچھا ناول لکھنے کا طریقہ لکھ دیا ہے ۔ امید ہے کہ آپ کی رہنمائی اس سے ہو سکے گی۔

اس کو پڑھنے کے بعد آپ اس قابل ہوجائیں گے ۔ کہ آپ اپنی پسند کی کہانی خود لکھ سکیں ۔اس کے لیے ضروری ہے،کہ آپ نیچے دیئے گئے طریقہ کار پر عمل کریں ۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

www.iqbalkalmati.blogspot.com

Step 1

## 1 ۔خیالی دنیا آباد کریں

...... ناول لکھنا ایک تخلیقی عمل ہے ۔ اور کیا معلوم کب آپ کے ذہن میں ایک اچھا ناول کا خیال آ جائے ۔ لہٰذا ہمیشہ اپنے ساتھ ایک پین اور کاغذ ساتھ رکھیں۔ تا کہ آپ جہاں پر بھی ہوں ، اچھے خیالات کو فوراً لکھیں۔ کسی کی کوئی بات آپ کو متاثر کر سکتی ہے۔ جس کو آپ لکھ لیں ۔ اس کے علاوہ بہت سے لمحات ایسے آتے ہیں ،جب بہت بہترین معلومات ملتی ہیں ۔ اس وقت ایک پین اور نوٹ بک آپ کے بہت کام آئے گی۔ آ پ اپنے موبائل کی ڈائری ،میمو یا ایپ میں بھی لکھ سکتے ہیں۔ مقصد صرف یہ ہے کہ آپ کے آئیڈز محفوظ ہو ں جائیں۔

...... ایک لکھنے والے کی طرح آپ کو زبردست تخلیقی خیالات کرنا چاہیے۔بعض اوقات ذہن میں آئیڈیاز آنا مشکل ہو جاتے ہیں ۔سارے رائٹر یہ پرابلم فیس کرتے ہیں ۔اس کا بہترین حل یہ ہے کہ آپ inspiration

حاصل کرتے ہیں ۔ اخبارات کا مطالعہ کرتے ہیں ۔ ٹی وی شوز دیکھیں ، اور کبھی کبھی اپنے ساتھ گزرے ہوئے وقت میں ایسے بہترین خیالات آتے ہیں جو ناول کو زبردست بنا دیتے ہیں ۔

...... اپنی نوٹ بک کو استعمال کریں ، پیراگراف ،لائن ، اور جملوں کو لکھنے کے لیے جو آپ کی کہانی کا حصہ بنے گا۔ جو کہانیاں آپ نے بچپن سے سن رکھی ہیں ان کے بارے میں سوچیں ، وہ خوابوں میں آنے والی کہانیوں کے بارے میں سوچیں ،جنہوں نے آپ کو متاثر کیا ۔یا ڈروانی کہانی جو بچپن سے آپ کے ذہن میں آتی ہے۔

...... اہم بات جس کے بناء آپ اسٹوری نہیں لکھ سکتے وہ ایک کہانی ہے۔ کچھ لوگ جن کو ناول لکھنے کا صحیح طریقہ نہیں آتا وہ پین اٹھاتے ہیں اور بس لکھنا شروع کر دیتے ہیں ۔لیکن وہ اس کبھی بھی ناول مکمل کر پاتے ہیں ۔بلکہ بیچ میں ہی چھوڑ دیتے ہیں ۔اور کچھ تو اس تجربے کے بعد لکھنے کا سوچتے بھی نہیں ہیں ۔اس لیے پوری کہانی بنانے کے بعد آغاز کریں۔

...... ناول کی کہانی اگر آپ نے مکمل بنا لی ہے تو ابتدا سے لے کر آخیر تک اس کہانی پر بار بار غور کریں ۔ اگر آپ اس سے مطمئن ہیں تو آپ کے راستے آسان ہیں۔

Step 2

## ناول کی اقسام

...... اب آپ سوچیں کہ کس ٹائپ کا ناول لکھنا چاہتے ہیں ، یعنی جاسوسی ناول ایکشن ناول ، رومینٹک یا کوئی اور ۔۔۔ اگر آپ ایک سے زیادہ اقسام کا ناول لکھنا چاہتے ہیں ۔تو بھی کوئی پرابلم نہیں ہے۔

Step 3

## کہانی کی سیٹنگ کریں یعنی کہانی کو ترتیب دیں

جب آپ یہ فیصلہ کر لیں کہ ٹائپ کا ناول آپ نے لکھنا ہے تو اب باری اس بات کی ہے۔ کہ آپ اپنی کہانی کو ترتیب دیں ۔ جو نئی دنیا آپ اپنی دنیا میں بنائیں گے ۔ان کے اجزا کے بارے میں سوچیں ۔آپ کے پاس پوری کائنات موجود ہے۔ اپنی skill پوری دنیا کو دکھائیں ۔اور ثابت کریں آپ سے بہتر کوئی نہیں لکھ سکتا ۔یا اپنا کوئی منفرد انداز لے کر آئیں کہ اردو ناول پڑھنے کے بعد آپ کے اگلے ناول کا شدت سے انتظار کریں ۔ناول کی ترتیب کے لیے نیچے کچھ پوائنٹس بتائیں جا رہے ہیں ۔یہ صرف مثال کے طور لکھا جارہا ہے کہ اس طرح ناول کی سیٹنگ کرتے ہیں ۔اس کے لیے کچھ اس طرح سوچیں ----------

...... کیا ناول میں وہ places ہوں گی جنہیں آپ اپنی اصلی زندگی میں جانتے ہیں ۔

......کیا موجودہ دور کے بارے میں لکھ رہے ہیں یا کسی اور وقت کے بارے

www.iqbalkalmati.blogspot.com

میں ---

...... کیا اسٹوری زمین پر رہتے ہوئے چلے گی یا کسی دوسرے سیارے کے چاند ،مریخ یا کسی اور تصوراتی دنیا کے بارے میں ؟

...... اگر زمین پر ہی کہانی چل رہی ہے تو اب یہ فیصلہ کریں کہ کس ملک کردار رہیں گے ایک سے زیادہ ملکوں کا استعمال بھی کیا جا سکتا ہے ۔ یہاں پر اک مثال دیتا ہوں کہ اگر میرے ناول کی کہانی دو ملکوں کے بارے میں چلے گی یعنی پاکستان اور آسٹریلیا تو میں ناول میں آسٹریلیا اور پاکستان کی p l a c e s پر اک دینا بساؤں گا ۔ کچھ اس طرح '' پاکستان سے آنے کے بعد میں آسٹریلیا میں آباد ہو گیا تھا ۔ یہاں وہی سورج چاند تھے ، جو پاکستان میں پر پھر بھی کیوں ہر منظر نیا سا تھا۔ ''

...... ناول کی کہانی کتنا عرصہ کی ہو گی اماہ ایک سال یا اس سے زیادہ۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

...... منظر نگاری کا سوچیں کہ کس طرح کے خوبصورت نظاروں کا کہانی میں بتایا جائے گا ۔

# کردار کے ناول کس طرح بنائے جاتے ہیں

## کردار بنائیں

سب سے اہم کردار آپ کے ناول کا مرکزی کردار ہوتا ہے ۔

جس کا رول بہت strong ہونا چاہیے ۔ مرکزی کردار ہیرو کا کہا جاتا ہے ۔ باقی کے کردار بھی شاندار ہوں ۔ اب یہ آپ کی کہانی پر منحصر کرتا ہے ۔ کہ کتنے کردار آپ کو چاہیے ۔ اس کے لیے آپ کو کہانی کی سیٹنگ سے مدد لیں ۔ آپ کو باقی کے کردار بنانے میں آسانی ہو گی ۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

## ناول کا پلاٹ

آپ کو ناول کے پلاٹ اور سسپنس پر خاص دھیان دینا ہے ۔ کچھ ناول کا اختتام s a d ہوتا ہے اور کچھ کا اچھا مگر میرے تجربے کے مطابق emotional sad ناول جسے پڑھ کر رو پڑیں ۔ وہ ناول دل میں گھر کر لیتا ہے ۔ اگر مزاحیہ ناول لکھنا چاہتے ہیں ۔تو مزاحیہ ڈائیلاگ جو دلچسپ ہوں ان کا استعمال کریں۔

### ناول کا پلاٹ کیسے تیار کریں ؟

جیسے کہ ناول اک دنیا ہے ۔ اک خیالی دنیا اس لیے آپ کو بھی اک دنیا تیار کرنی پڑے گی ۔ اس کے لیے آپ سوچیں اس دنیا میں بسنے والے لوگ اک جیسے ہیں پر مذہب ، کلچر ،اور خیالات الگ الگ ہیں ۔ آپ اپنی کہانی میں اپنی پسند کے کلچر کو پیش کر سکتے ہیں ۔ پسندیدہ شہر یا ملک کا انتخاب کر سکتے ہیں ۔کہانی کے ہیرو کو غریب یا امیر بنا کر پیش کر سکتے ہیں ۔اس دینا میں ان گنت لوگ ہیں ، ہر اک کی اپنی کہانی ہے ۔ کسی کی زندگی کی کہانی سے متاثر ہو کر بھی لکھا جا سکتا ہے ۔ اس طرح ناول کا پلاٹ بنانا آسان ہو جائے گا۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

## ناول میں پلاٹ کیا ہے ؟ اگر ناول لکھنا چاہتے ہیں تو اسے پڑھیں اور سمجھیں

ناول میں پلاٹ کی بنیاد کہتے ہیں ۔ وہ واقعات جو کہانی میں ہوتے ہیں ، وہ پلاٹ کا حصہ ہوتے ہیں ۔ اک پلاٹ میں 5 اہم عنصر ہوتے ہیں ۔جو کہ مندرجہ ذیل ہیں ۔ان باتوں کو غور سے سمجھیں ان کے بغیر آپ کو پلاٹ بنانے میں دشواری ہو سکتی ہے ۔

☆ پہلا عنصر تعارف یا متعارف کروانا ہے۔ یعنی اسے کہانی کا اسٹارٹ کہتے ہیں ۔ جس میں کرداروں یعنی کہانی کے کرداروں کا تعارف کروایا جاتا ہے۔ یہاں کردار بنتے ہیں ۔ اس کے علاوہ تنازعات اور اہم برابلم جس پر کہانی چلے گی ،وہ بھی اس کا حصہ ہے۔

☆ دوسرا عنصر معلومات کو آگے بڑھانے کا عمل ہے ۔ جس مسئلے یا تھیم کو شروع میں بنیاد بنا کر شروع کیا گیا ۔ دوسرے عنصر میں واقعات کی سیریسز کو رکھا جاتا ہے۔ جو کہانی کے اہم تنازعہ کو بڑھائے گی ۔یا حل کرنے کی کوشش کی جائے گی ۔اس وقت تک مرکزی کردار یعنی ہیرو کا کردار کافی مضبوط ہو جائے گا ۔اس کے علاوہ کہانی جس مسئلے پر شروع کی جائے گی ۔ وہ مسئلہ اور پیچیدہ یعنی complicated ہو چکا ہوتا ہے ۔ اور جس وجہ سے excitement اور tension بڑھ جاتی ہے۔

☆ تیسرا عنصر   تیسرے عنصر کو climax یا پلاٹ کا مین پوائنٹ کہتے ہیں ۔ یا کہانی کا ٹرننگ پوائنٹ ہوتا ہے ۔ اس وقت سب سے زیادہ دلچسپ اور جذبات کو پیش کیا جاتا ہے۔ اور پڑھنے والا سوچتا ہے کہ پتہ نہیں آگے کہانی میں اب کیا ہوگا ۔

☆چوتھا عنصر   پلاٹ کا چوتھا عنصر کہانی کو اختتام کی طرف لے کر جانا ہوتا ہے۔ اس میں واقعات اور تنازعات حل ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور مرکزی کرداروں کو سامنے لایا جاتا ہے۔

☆ پانچواں عنصر   اس عنصر میں کہانی کا نتیجہ بتایا جاتا ہے۔ یہ کہانی کا اختتام ہوتا ہے۔ اب یہ پلاٹ بنانے والے پر ہے کہ وہ tragic ending رکھتا ہے یا happy ending

اب آپ نے ناول کا پلاٹ بنانا سیکھ لیا ہے ۔ اب اگر مرحلہ ناول اسٹارٹ کرنا اور منظر نگاری کا آتا ہے ۔

# منظر نگاری

### منظر نگاری کیا ہے ؟

میں سمجھتا ہوں جب تک منظر نگاری کسی کہانی میں شامل نہ کی جائے ، تب تک ناول بے رونق لگتا ہے ۔ منظر نگاری ہے کیا ؟ اس کا طریقہ کیا ہے ؟ اصل میں یہ قدرتی منظر کو اس طرح کہانی میں شامل کرنے کا عمل ہے ۔کہ یہ محسوس ہو کہ ہر منظر ہر لمحہ پڑھنے والے کی آنکھوں کے سامنے ہو ۔ میں آپ کو اس کی بھی مثال پیش کر رہا ہوں ، میرا مشورہ یہی ہے کہ آپ اس کو اپنے لفظوں میں جگہ دیں ۔

# مثال

'' سمندر کی ہلکی سبز رنگ کی لہریں اور ان میں چھوٹی چھوٹی نــــــی لے رنگ کے نشیلے ساحل کے نظاروں کو بڑھا رہی تھیں ، دور سمندر میں

www.iqbalkalmati.blogspot.com

کھڑے

بڑے سفید بحری جہازوں پر پڑتی سورج کی سونے کی رنگت کی کرنوں نے بحری جہازوں کو بھی چمکتا سونا بنا دیا تھا۔ جو ہمیں دور سے بھی چمکتے دکھائی دے رہے تھے۔ کہتے ہیں ہر چمکتی ہوئی چیز سونا نہیں ہوتی ۔ پر اتنا خوبصورت نظارہ اور پرسکون ماحول ہو تو کوئی بھی چیز سونے سے کم بھی نہیں ہوتی ۔ ''

# مزید مثال

'' صبح خوبصورت ہوتی ہے پر آج صبح ٹھنڈک اور آسمان پر چڑھی گلابی رنگت پچھلے دنوں سے زیادہ تھی جس نے ماحول اور بھی خشگوار کر دیا تھا۔ اور میں آج بھی صبح کی سیر کے لیے گھر کے نزدیک اک بڑے پارک پہنچا چکا تھا۔ پارک میں پڑا بینچ ہمیشہ میرا صبح انتظار کرتا تھا ۔ میں آج بھی اسی بینچ پر آ بیٹھا تھا ۔ میرے سامنے رنگ برنگے پھول مسکرا رہے تھے۔ سچ ہے پھول زندگی کا احساس ہیں خوشبو ہیں ، رونق ہیں ''

# مثال مکالمہ کے ساتھ

’’ شام ہونے کو تھی سورج کی تپش کم ہوتی جاتی جا رہی تھی ، ہمارا سفر تھا کہ ختم نہیں ہو رہا تھا ۔ صحرائی ریت اڑ اڑ کر آنکھوں میں پڑتی رہی پر ہم بھی منزل کی طرف بڑھتے رہے۔ صحرا کی ہوائیں ہمارے قدموں کے نشان مٹاتی رہی اور ہم بھی نئے نشان بناتے رہے ۔چاند ان لمحوں میں صحرا کے آسمان پر ستاروں کی آمد نے نظارہ ہی خاص کر دیا ۔ ہر طرف بس تارے ہی تھے ۔ ہمیں معلوم تھا کہ صبح کی روشنی سے پہلے ہمیں اس صحرا سے نکلنا ہو گا اس لیے ہم زیادہ دیر رک نہیں سکتے تھے۔ ‘‘

**اس طرح شاعری میں بھی منظر نگاری کا استعمال کیا جاتا ھے ۔میں اپنے ناول اور شاعری میں زیادہ تر**

**خوبصورت نظاروں کا ذکر کرتا ہوں ۔ آپ بھی اس کا زیادہ سے زیادہ سے استعمال کریں اس سے تازگی کا احساس برقرار رہتا ہے۔**

## مکالمہ لکھنے کا طریقہ

### ناول میں ڈائیلاگ

کبھی بھی کہانی پرانے اور ہلکے مکالموں کی بنا پر کامیاب نہیں ہوتی ۔ اس لیے کہانی کا ہر مکالمہ جاندار ہو گا تو ہی کامیاب ناول بنے گا۔ اکثر نئے رائٹر بہت اچھی اسٹوری سوچ لیتے ہیں ۔ پر اس اسٹیج پر آ کر سارا ناول خراب کر دیتے ہیں

ہر چیز پریکٹس سے بہتر کی جا سکتی ہے

اگر آپ کو بھی اچھے ڈائیلاگ بنانے پر عبور نہیں ہے

تو آپ ڈائیلاگ باربار لکھیں ۔ اور باربار پڑھیں ۔ اوراندازالگائیں کہ ڈائیلاگ میں کیا کمی نظر آ رہی ہے
۔
آپ کو اس مشق کے بعد آپ کو مکالمے لکھنے کے لیے

پہلے سے زیادہ آسانی محسوس ہوگی ۔ کہانی کا پلاٹ اچھی طرح یاد ہو اور کرداروں نے کہانی میں کیا رول پلے کرنا ہے۔

یہ باتیں آپ کو ذہن میں ہوں تو آپ کہانی لکھتےوقت خود اچھے ڈائیلاگ بنالیں گے اور ویسے بھی آج ہر انسان کسی چیز میں ماہر ہو

**یا نا ہو پر ڈائیلاگ میں لازمی ماہر ہو۔ آپ خود پر اعتبار رکھیں اور شاندار مکالمے تحریر کریں۔ کچھ مثالیں پیش کر رہا ہوں ۔**

" احسن ایک پیارا سا بچہ ہے۔ جو باغ میں پھولوں کے بیچ کھڑا مسکرا کر پھولوں کو دیکھتا اور کھیلتا رہا ، میں اسے دیکھتا رہا ۔ احسن نے ایک پھول توڑا اور میرے پاس آ کر اپنے

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

سے

معصوم ہاتھوں سے مجھے پھول دیتے ہوئے کہا

" یہ آپ کے لیے "

میں نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا ،اور اسے گلے لگاتے ہوئے پھول پکڑاتے ہوئے کہا

"آپ کا یہ پھول تو بہت ہی پیارا ہے، یہ آپ میرے لیے لائے ہو ؟ آپ کے اس پھول کی طرح آپ کا ساتھ بھی بہت پیارا ہے ۔ "

احسن نے مسکرا کر ہاں میں سر ہلایا اور پھر کہا

"" اگر آپ مجھے روز گارڈن میں لایا کرو تو میں آپ کو روز ایک گلاب لا کر دیا کروں گا "

میں اس کی معصوم سی فرمائش پر مسکرا دیا۔" یہ بچے بھی کتنے پیارے ہوتے ہیں ۔ یوں لگتا ہے کہ جیسے ہمارا بچپن پھر سے لوٹ آیا ہو۔ "

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

# معلومات حاصل کریں

اسٹوری سوچنے کے بعد اگلا مرحلہ یہ ہے کہ آپ نے جو کہانی بنائی ہے اس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں ، اس کے لیے بہترین آپشن انٹرنیٹ کا استعمال ہے ۔ عام طور پر ہسٹری ،مشہور انسان ، ملکوں اور شہروں کی تاریخ وغیرہ کی ضرورت پڑتی ہے ۔ اس کے علاوہ اور بھی معلومات چاہیے، تو آپ آن لائن سرچ کر سکتے ہیں ۔

**☆ جب آپ محسوس کریں کہ آپ کے پاس کتاب لکھنے کے لیے ضروری معلومات ہیں اور اپنی بنائی ہوئی کہانی سے مطمئن ہیں ۔ اب آپ اک پر سکون مقام پر بیٹھ جائیں اور اپنے ناول کا پہلا صفحہ لکھنا شروع کریں ۔ ضروری نہیں کہ مشکل اردو ہی لکھیں ، آپ آسان اردو میں بھی لکھ سکتے ہیں ۔ اس بات کی فکر نہ کہ کہانی کا شروع کیسا ہوا ہے کیوں کہ ابھی یہ صرف**

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com

**ڈرافٹ ھے جو آپ کے علاوہ کوئی نھں پڑھ سکتا ۔**

☆ کوشش کریں کہ پہلا صفحہ انتہائی اچھا لکھیں ۔اتنا اچھا کہ آپ لکھیں کہ آپ خود کہنے پر مجبور ہو جائیں ۔ کہ ایسا کوئی نہیں لکھ سکتا ۔میں آپ کو نیچے اک مثال دیتا ہوں ۔ کہ کیسے ناول شروع کریں ۔۔۔۔

"تیز ہواوں کے ساتھ کمرے کی کھڑکیاں کھلتی اور بند ہوتی جا رہی تھیں ۔ اور بارش نے ہر چیز بگھو کر رکھ دی تھی۔ میں کھڑکی پر کھڑا بارش میں بارش میں گزرتی گاڑیوں کو دیکھتا رہا ۔ باہر بارش نے گاڑیوں کے شیشوں کو دھندلا کر رہا تھا اور اندر زندگی نے میرے نصیب کے شیشوں کو "

☆ روزانہ لکھنے کے لیے وقت نکالیں ، اورایک وقت میں ایک لکھیں ، کیوں کہ بہت سے اچھے لکھنے والے رائٹرز کے دراز بھی نامکمل ناول سے بھر یں پڑیں ہیں۔

☆ اک حد مقرر کریں کہ اک دن میں کتنے صفحے لکھنے ہیں ، پر جتنا بھی لکھیں اچھا لکھیں ، اگر کسی دن ذہن میں بہترین الفا ظ نہ آئیں ، اس دن بہتر ہے نا لکھیں ،

☆اک باب مکمل ہونے کے بعد اسے بار بار پڑھیں ، بہتر لگے تو دوسرا باب شروع کریں ، اور جیسے ہی بور ہونے لگے ناول لکھنا چھوڑ دیں ، یہ کام شوق کا ہے ، جب اچھا لگے تب لکھیں ۔

☆ کچھ لوگ بہت مصروف رہتے ہیں ، پر لکھنے کا بہت شوق رکھتے ہیں ۔ وہ چاہیں تو تھوڑا تھوڑا لکھ لکھ کر چھ ماہ میں یا سال تک محنت کرکے اپنا ناول مکمل کر سکتے ہیں ۔ ویسے بھی آج کل وقت اتنی جلدی گزرتا ہے سال کا پتہ تک نہیں چلتا ۔

## ناول لکھنے کے بعد اسے پورا پڑھیں

**مکمل لکھنے کے بعد آپ ایک آرام دہ جگہ پر بیٹھ کر اور اپنی کتاب پکڑ کر اسے پڑھنا شروع کریں ۔ جس لمبے لمبے پیراگراف کو کم کرنے کی ضرورت ہو کم کریں جس فقرے کو کاٹنا یا شامل کرنا ضروری ہو کریں ۔**

## اپنے کام کو اپنے جاننے والوں کو دکھائیں اور مشورہ کریں۔

اپنا ناول پڑھنے کے بعد اب وقت ہے اپنے دوستوں اور فیملی ممبرز کو اپنی رائٹنگ دکھانے کا وہ آپ کو جو مشورہ دیں اسے مان کر آپ اگر ہر چیز آپ کو پرفیکٹ لگے تب آپ اسے پبلش کرنے کا سوچیں۔

مزید کتب پڑھنے کے لئے آج ہی وزٹ کریں : www.iqbalkalmati.blogspot.com